# مختصر حج کائیڈ



## مغربی بنگال ریاستی حج کمیٹی

# مغربی بنگال ریاستی حج کمیٹی


# WEST BENGAL STATE HAJ COMMITTEE

**Madinat-ul Hujjaj, Action Area - II, New Town, Rajarhat, Kolkata - 700160 (India)**

Contact Details :-
Toll Free No.: 1800 345 7155,
Rajarhat Office : 033 2986 0249
Park Circus Office :
033 2290 3617, 2280 7155
WhatsApp No.: 833 499 1111
Mobile App : Haj Sathi
E-Mail : wbshc2011@gmail.com
Web.: www.wbhaj.com

## Mobile Apps






# آپ کی پہچان

Photo

کوَر نمبر-----------------

نام:- ------------------------------------------

مکمل پتہ:- ------------------------------------------

------------------ پن کوڈ ---------------

موبائل نمبر:- ------------------------------------

آفس کا پتہ وموبائل نمبر:-----------------------------

-------------------------------------------

قریبی رشتہ دار کا نام وموبائل نمبر:- ---------------------------

-------------------------------------------


پڑوسی کا نام وموبائل نمبر:- ---------------------------

بلڈگروپ-------- الرجی ---------- بیماری ------------

# تلبیــہ

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ ۝
لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ ۝
اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ ۝

حاضر ہوں، اے اللہ میں حاضر ہوں،
حاضر ہوں آپ کا کوئی شریک نہیں،
تمام تعریفیں آپ کے لئے اور تمام نعمتیں وحکومت آپ کی،
آپ کا کوئی شریک نہیں



# حج کی اہمیت و فضیلت

۱) تم اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہی حج وعمرہ کرو۔ (سورۃ بقرہ،آیت۔۱۹۶)

۲) اور جو انسان اللہ کو راضی کرنے کے لئے مکہ شریف تک پہونچنے کی استطاعت رکھتا ہو اس کو حج کرنا لازم ہے اور جو اس سے انکار کرے تو وہ جان لیں کہ اللہ کسی کی پرواہ نہیں کرتا۔
(سورۃ آل عمران۔۹۷)

۳) حضور ﷺ نے فرمایا ''حج اور عمرہ کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں'' ۔ (مشکواۃ شریف)

۴) حضور ﷺ نے فرمایا "ایک عمرہ سے دوسرے عمرہ کے درمیان گناہوں کا کفارہ ہے اور ایک مقبول حج کے بدلے سوائے جنت کے کچھ نہیں''۔ (بخاری۔ا، ص۔۶۴۵)

۵) حضور ﷺ نے فرمایا "تم لوگ بار بار حج اور عمرہ کرتے رہو، کیونکہ یہ دو عمل مفلسی و گناہوں سے یوں دور کردیتا ہے جیسے آگ لوہا، سونا و چاندی کے زنگ کو دور کردیتا ہے''۔
(ترمذی شریف،ص۔ا)

۶) حضور ﷺ نے فرمایا "جس کسی نے حج کا ارادہ کیا وہ جلد سے جلد ادا کریں'' (مشکوٰۃ شریف)

۷) حضور ﷺ نے فرمایا "جو صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے حج کرے اور غلط باتوں وغلط کاموں سے دور رہے وہ حج سے اپنے گھر ایسے بے گناہ لوٹتا ہے جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے والا بچہ''۔ (بخاری،مسلم)

# اورینٹیشن ۔۱

۱) کیا آپ کو اپنا کوَر نمبر یاد ہے؟ اگر نہیں تو ابھی یاد کرلیں۔ کیونکہ یہی دورانِ حج آپکی پہچان ہے۔

۲) حج کے رقم کی ادائیگی تین حصوں میں کرنی ہے۔

۳) حج کا ٹیکہ رمضان سے پہلے لگنے کا امکان ہے۔

۴) سفرِ حج میں جانے سے پہلے آن لائن کے ذریعہ اپنا رپورٹنگ کرائیں۔

۵) سفرِ حج میں روانگی سے ایک دن قبل مدینۃ الحجاج (نیوٹاؤن، راجرہاٹ) سے اپنا ضروری کاغذات حاصل کریں اور اس کا ۴ سیٹ زیروکس کرکے ہر بیگ میں رکھیں۔

۶) ہوائی جہاز اڑنے کے وقت سے ۶ (چھ) گھنٹہ قبل پوری تیاری کے ساتھ مدینۃ الحجاج (نیوٹاؤن، راجرہاٹ) رپورٹنگ کرنا ضروری ہے۔ براہ راست ایئرپورٹ نہ جائیں۔

۷) دو بڑا سوٹ کیس اور ایک ہینڈ بیگ لے جانے کی اجازت ہے۔ سوٹ کیس مع سامان ۲۳+۲۳ کیلوگرام و ہینڈ بیگ کا مکمل وزن ۱۰ کیلوگرام تک کی اجازت ہے۔

۸) مدینۃ الحجاج (نیوٹاؤن، راجرہاٹ) میں آپ کا بیگ چیک اِن (CHECK-IN) ہونے کے بعد آپ کو حج کمیٹی کی ذمہ داری میں بذریعہ بس ایئرپورٹ روانہ کیا جائے گا۔

۹) ایئرپورٹ میں امیگریشن ہونے کے بعد آپ کو اپنا ۲۱۰۰ سعودی ریال (SAR 2100) حاصل کرنا ہے۔

۱۰) جہاز میں سوار ہوکر اپنے اپنے مخصوص سیٹ پر بیٹھیں۔ باتھ روم کا کم سے کم استعمال کریں۔

۱۱) حج میں جانے والے قریبی رشتہ دار کے ساتھ ہوائی سفر سعودی عرب و رہائش ایک ساتھ کرنا چاہتے ہوں تو مغربی بنگال حج کمیٹی سے براہ راست رابطہ کریں۔

# اوریئنٹیشن۔ ۲

۱) سعودی ایئرپورٹ میں اترنے پر امیگریشن کے بعد باہر آکر معلم کے بس پر سوار ہوں۔

۲) بس پر سوار ہوتے ہی معلم آپ کا پاسپورٹ لے لیں گے اور آپ کو آئی ڈی کارڈ دیں گے۔

۳) آپ کا سامان معلم آپکے روم تک پہونچادیگا۔

۴) معلم کا بس آپ کو آپکے رہائشی بلڈنگ تک پہونچائیگا۔

۵) بلڈنگ سے متعلق کوئی بھی ضرورت ہوتو کاؤنٹر پر بلڈنگ کے حارث ( کیئرٹیکر ) سے بات کریں۔

۶) معلم اور برانچ آفس کی ہدایات پر عمل کریں۔

۷) کسی قسم کی پریشانی ہونے پر برانچ آفس و خادم الحجاج سے رابطہ کریں۔

۸) لفٹ، خودکار سیڑھی ( اسکیلیٹر ) اور کموڈ ٹوائلٹ کا استعمال کرنے طریقہ سیکھ کر جائیں۔

۹) ٹھنڈے پانی سے پرہیز کریں۔ دھوپ سے اپنے کو محفوظ رکھیں۔

۱۰) گرا ہوا کوئی بھی سامان نہ اٹھائیں۔

۱۱) ٹیکسی پر عورتوں کو بعد میں سوار کریں۔ اترتے وقت پہلے عورتوں کو اتاریں۔

۱۲) حرم شریف میں قیمتی سامان اور ضرورت سے زائد رقم نہ لے جائیں۔

۱۳) افواہ نہ پھلائیں اور افواہوں پر دھیان نہ دیں۔

۱۴) واپسی فلائٹ سے ۳۶ سے ۲۴ گھنٹہ قبل اپنا ساز وسامان باندھ کر تیار رکھیں۔

۱۵) سامان ایئرلائنس والے کے حوالے کر کے سامان کا ٹیگ ضرور حاصل کریں۔

۱۶) زمزم اپنے لگیج و ہینڈ بیگ میں نہ لیں۔ آپکو لوکا تا ایئرپورٹ پر ۵ لیٹر زمزم دیا جائیگا۔

۱۷) حج بہت آسان ہے پر سیکھنا ضروری ہے۔

# مدینہ سے متعلق

مدینہ میں چار (۴) ضروری عمل :۔

۱) تمام عمل میں سنت کی پابندی ہو۔

۲) حضورِ اقدس ﷺ پر کثرت سے درود پیش کریں۔

۳) آٹھ دن میں ۴۰ (چالیس) وقت کا نماز تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ ادا کریں۔

۴) حضور ﷺ کے روضۂ مبارک پر جا کر سلام پیش کریں۔

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

جس نے میرے قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی۔ (بحوالہ دار قطنی)



# عمرہ

(۱) عمرہ میں دو فرائض

(الف) احرام کا کپڑا پہن کر نیت کرنا (ب) خانہ ءکعبہ کا طواف کرنا

(۲) عمرہ میں دو واجب

(الف) صفا و مرواہ کا سعی کرنا (ب) سر کا بال مونڈھنا

(عورتیں اپنے بال کے آخری حصے کا ایک انچ کو کاٹ لیں)

# حج

(۱) حج میں تین فرائض

(الف) احرام کا کپڑا پہن کر نیت کرنا (ب) ۹ رذالحجہ کو وقوفِ عرفات (ج) طوافِ زیارت کرنا

(۲) حج میں ۶ واجبات

(الف) مزدلفہ میں رات ٹھہرنا (ب) رمی کرنا (شیطان کو پتھر مارنا) (ج) قربانی کرنا

(د) سر کا بال مونڈھنا (عورتیں اپنے بال کے آخری حصے کا ایک انچ کو کاٹ لیں)

(ر) صفا و مرواہ کا سعی کرنا (ز) طوافِ وداع کرنا۔

# اِحرام کی پابندیاں

(۱) کسی قسم کا خوشبو استعمال کرنا اور خوشبودار کھانا منع ہے (۲) کسی پیڑ پودے کا ایک پتہ بھی توڑنا منع ہے

(۳) شکار کرنا یا اسکی نشاندہی کرنا منع ہے (۴) بیوی و شوہر کے درمیان تعلق قائم کرنا منع ہے

(۵) کوئی بھی سلائی کیا ہوا کپڑا پہننا (مردوں کے لئے) منع ہے

(۶) سر، چہرہ اور پاؤں کا ڈھانکنا (مردوں کے لئے) منع ہے۔

# حج کے پانچ دن کے درمیان ضروری سامان

۱) ایک چھوٹا کندھے والا بیگ میں احرام کا کپڑا۔

۲) دو جوڑا روزمرہ میں استعمال ہونے والا کپڑا۔

۳) پولیتھین پیپر (مزدلفہ میں بچھانے کیلئے)۔

۴) پانی کا بوتل۔

۵) کپڑا رکھنے کا بیگ۔

۶) ضرورت کے مطابق سعودی ریال، مسواک اور بغیر خوشبو والا صابن۔

# قربانی سے متعلق جانکاری

۱) اگر آپ نے قربانی کا روپیہ حج کمیٹی میں جمع کیا ہے تو آپ کو مِنٰی جانے سے پہلے قربانی کا کوپن برانچ آفس یا خادم الحجاج سے بلڈنگ میں ملے گا۔

۲) اگر خود سے قربانی کرنے کا ارادہ کیا ہے تو ۱۰ ذوالحجہ کو حلاقہ جا کر قربانی کرنا ہوگا۔

۳) اگر آپ وہاں بینک میں روپیہ جمع کر کے قربانی کرنا چاہتے ہیں تو الرجھی بینک یا پوسٹ آفس میں روپیہ جمع کر کے رسید حاصل کریں۔

نوٹ : قربانی کا روپیہ جمع دینے سے قبل آپ اس کی تصدیق کر لیں کہ آپ نے حج کے فارم میں قربانی ہاں کیا تھا یا نہیں۔




# موبائل سمِ سے متعلق ضروری جانکاری

۱) سیم کارڈ کولکا تا ہی میں دیا جائیگا۔ مگر یہاں پیکٹ نہ کھولیں نہ موبائل میں لگائیں۔

۲) MOBILY موبائلی کمپنی کے علاوہ کسی اور کمپنی کو اپنے انگلی کا چھاپ نہ دیں۔

۳) حج کمیٹی سے دیا ہوا سیم کارڈ ہی استعمال کریں۔

۴) سیم کارڈ چالو کرنے کے لئے پاسپورٹ اور ویزا کا زیروکس رکھنا ضروری ہے۔

۵) لاٹری یا کوئی آفر کا sms آنے پر کوئی جواب نہ دیں یہ فراڈ ہوسکتا ہے۔

۶) عورتیں اپنی تمام انگلیوں پر مہندی لگانے سے پرہیز کریں نہیں تو سیم چالو نہیں ہو پائے گا۔

**نوٹ :**

۱) آپ اپنے موجودہ نمبر/سم کارڈ کو سعودی عرب میں بھی استعمال میں لا سکتے ہیں اس کے لئے آپ اپنے آپریٹر (Airtel, Vodafone, Jio) سے جانے سے پہلے رابطہ کریں۔

۲) آپ مدینہ ائیرپورٹ پر وائی فائی کنکٹ Wi-Fi Connect کر کے WhatsApp یا IMO کے ذریعہ Video Call کر سکتے ہیں






# سفرِ حج کا ضروری سامان

## (NCNTZ) کیٹگری والے کھانا بنانے کا سامان نہ لے جائیں۔

| | |
|---|---|
| ۱) احرام | ۲ جوڑا |
| ۲) ہوائی چپل | ۲ جوڑا |
| ۳) روزانہ استعمال کا چپل/ جوتا | ۱ جوڑا |
| ۴) پتلا چادر | ۲ عدد |
| ۵) سفری جائے نماز | ۱ عدد |
| ۶) لنگی ۳ عدد، پائجامہ | ۲ عدد |
| ۷) گمچھا | ۱ عدد |
| ۸) پنجابی/کرتا | ۴ عدد |
| ۹) ٹوپی | ۲ عدد |
| ۱۰) کنگھی | ۳ عدد |
| ۱۱) رومال | ۲ عدد |
| ۱۲) ریزر(Rezor) | ۱ عدد |
| ۱۳) بلیڈ(Blade) | ۱ پیکٹ |
| ۱۴) اسٹیل کا برتن | ۱ عدد |
| ۱۵) پیالہ ۱ عدد، چھوٹا کینچی ۱ عدد چھوٹا چھری | ۱ عدد |
| ۱۶) سوئی، سوتا | |
| ۱۷) یونیورسل ملٹی پن (ملٹی پلگ) | ۱ عدد |
| ۱۸) ۲ میٹر سوتی کپڑا (صفائی کے لئے) | |
| ۱۹) کپڑا کا تھیلا | ۲ عدد |
| ۲۰) سرف | ۵۰۰ گرام |
| ۲۱) نہانے کا صابن | ۲ عدد |
| ۲۲) عطر و سرمہ (ضرورت کے مطابق) | |
| ۲۳) بیٹھی | ۱ عدد |
| ۲۴) جوتا رکھنے کے لئے کپڑا کا تھیلا | ۲ عدد |
| ۲۵) حج کا کتاب (یہ کتاب) | ۱ عدد |
| ۲۶) کمر کا بیلٹ | ۱ عدد |
| ۲۷) چشمہ پاور والا | ۲ عدد |
| ۲۸) چھوٹا بیگ | ۱ عدد |
| ۲۹) روپیہ/ پیشہ رکھنے کے لئے بیگ | ۲ عدد |
| ۳۰) پتھر رکھنے کے لئے تھیلا | ۲ عدد |
| ۳۱) کپڑا سکھانے کے لئے کلپ | ۲ درجن |
| ۳۲) سیفٹی پن | |
| ۳۳) نوٹ بک و قلم | ۱ عدد |
| ۳۴) گروپ کے لئے پتلا و ہلکا ریکیشن | ۲ عدد |
| ۳۵) گروپ کے لئے پکانے کا برتن | |
| ۳۶) بڑا چمچہ | ۱ عدد |
| ۳۷) بورولین، امرتانجن، منجن، برش، مسواک، کچھ ٹیسو پیپر وغیرہ | |
| ۳۸) تیمّم کے لئے مٹی | |
| ۳۹) ضروری دوائیں، پرسکرپشن، بل کے ساتھ | |
| ۴۰) سات دانہ تسبیح | ۱ عدد |

### عورتوں کے لئے سفر حج کا سامان

| | |
|---|---|
| ۴۱) چادر اوڑھنے کیلئے | ۲ عدد |
| ۴۲) سلوار قمیض | ۴ عدد |
| ۴۳) برقعہ | ۲ عدد |
| ۴۴) احرام | ۲ عدد |
| ۴۵) پاؤں کا موزہ | ۲ جوڑا |
| ۴۶) ضرورت کی دوائیاں | |

# حج کے پانچ دن کے درمیان ضروری عمل

| حج کا پہلا دن ۸ ذوالحجۃ | حج کا دوسرا دن ۹ ذوالحجۃ | حج کا تیسرا دن ۱۰ ذوالحجۃ |
|---|---|---|
| مکہ سے منیٰ کے لئے روانگی | فجر کی نماز منیٰ میں ادا کر کے عرفات کے لئے روانگی | مزدلفہ میں فجر کی نماز کے بعد منیٰ کی طرف روانگی |
| منیٰ میں آج کے دن | عرفات میں ظہر کی نماز ادا کرنا | پہلے بڑے شیطان کو کنکر مارنا |
| نمازِ ظہر ادا کرنا | وقوف عرفا (عرفات میں ٹھہرنا) | اس کے بعد قربانی کرنا |
| نمازِ عصر ادا کرنا | عرفات میں عصر کی نماز ادا کرنا | اس کے بعد سر کے بال منڈوانا |
| نمازِ مغرب ادا کرنا | مغرب کا وقت ہونے پر نماز ادا کئے بغیر مزدلفہ کے لئے روانہ | اس کے بعد احرام کھول دینا |
| نمازِ عشاء ادا کرنا | مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرنا اور کنکری چننا | اس کے بعد طواف زیارت اور سعی کرنے کے لئے مکہ جانا |
| رات کو منیٰ میں قیام کرنا | مزدلفہ میں رات کو قیام کرنا | رات کو منیٰ میں قیام کرنا |

# حج کے پانچ دن کے درمیان ضروری عمل

| حج کا چوتھا دن<br>۱۱ ذوالحجۃ | حج کا پانچواں دن<br>۱۲ ذوالحجۃ | منیٰ میں قیام<br>۱۳ ذوالحجۃ |
|---|---|---|
| شیطان کو کنکری مارنا (رمی کرنا)<br>زوال سے غروب آفتاب تک<br>↓<br>پہلے چھوٹے شیطان کو<br>↓<br>اس کے بعد منجھلے شیطان کو<br>↓<br>آخر میں بڑے شیطان کو<br>↓<br>اگر ۱۰/ ذوالحجہ کو طواف زیارت اور سعی نہ کر پائے ہو تو آج کر لیں<br>↓<br>رات کو منیٰ میں قیام کریں | شیطان کو کنکری مارنا (رمی کرنا)<br>زوال سے غروب آفتاب تک<br>↓<br>پہلے چھوٹے شیطان کو<br>↓<br>اس کے بعد منجھلے شیطان کو<br>↓<br>آخر میں بڑے شیطان کو<br>↓<br>اگر طواف زیارت اور سعی کل نہ کئے ہوں تو آج مغرب سے پہلے ضرور کر لیں<br>↓<br>اگر ۱۳/ ذوالحجہ کو منیٰ میں قیام کرنے کا ارادہ ہے تو آج کی رات منیٰ میں قیام کریں نہیں تو سورج غروب ہونے سے پہلے منیٰ چھوڑ دیں۔ | نوٹ :۔ ۱۲/ ذوالحجہ کو اگر مغرب سے پہلے منیٰ سے نہیں نکل پائے تو رات منیٰ میں ہی قیام کرنا ہوگا اور ۱۳/ ذوالحجہ کو زوال کے بعد تینوں شیطان کو کل ۲۱ پتھر مار کر مکہ روانہ ہونا ہوگا۔<br>**حج کے ۵ دن کا عمل پورا** ہوا اس کے علاوہ باقی دنوں میں نماز باقائدہ ادا کرتے رہیں<br>مکہ چھوڑنے سے پہلے طواف وداع کرنا<br>**حج مبارک** |

# زم زم پینے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا
وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ

ترجمہ:

اے اللہ میں تجھ سے علم نافع ، رزق واسع اور ہر مرض سے شفاء کا طلبگار رہوں۔



# Note